# 2188 ـ ایك عیسائی کے گھر میں تھا کہ نماز کا وقت ہو گیا

**سوال**

بعض اوقات میں کسی عیسائی کے گھر میں ہوتا ہوں تو نماز کا وقت ہو جاتا ہے، اور میں اپنی جائے نماز لے کر ان کے سامنے نماز ادا کرنا شروع کر دیتا ہوں، تو کیا میری نماز صحیح ہے، کیونکہ نماز عیسائی کے گھر میں ادا کی گئی ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

جی ہاں آپ کی نماز صحیح ہے، اللہ تعالی آپ کو اپنی اطاعت کرنے کی حرص اور بھی زیادہ فرمائے، اور خاص کر نماز پنچگانہ کو صحیح اوقات میں ادا کرنے کی توفیق نصیب فرمائے، واجب یہ ہے کہ آپ نماز باجماعت ادا کرنے کی کوشش کریں، اور حسب استطاعت مساجد میں نماز ادا کر کے مساجد کو آباد کریں.